اے اللہ ! تو میری قوم کو معاف کردے کیونکہ یہ لوگ نہیں جانتے

ابو عبدالرحمن عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ گویا میں رسول اللہ ﷺ کو دیکھ رہا ہوں کہ آپ انبیاء میں سے ایک نبی کا قصہ بیان کررہے ہیں صلوات اللہ وسلامہ علیہم جنہیں ان کی قوم نے مار مار کر لہولہان کردیا تھا ﷺ وہ اپنے چہرے سے خون پونچھتے ہوئے کہتے جاتے ''اے اللہ ! تو میری قوم کو معاف کردے کیونکہ یہ لوگ جانتے نہیں ہیں''۔

[صحیح] [متفق علیہ]

رسول اللہ ﷺ نے بیان کیا کہ ایک نبی تھے جن کی قوم نے ان کومارا (اور لہولہان کردیا) ﷺ وہ اپنے چہرے سے خون صاف کرتے جاتے اور ان کے لیے دعائے مغفرت کرتے جاتے ﷺ یہ صبر اور برد باری کی انتہاء ہے انہوں نے صرف دعا پر اکتفاء نہیں کیا بلکہ ان پر شفقت کرتے ہوئے ان کا عذر بھی پیش کیا کہ وہ امور کی حقیقت سے ناواقف ہیں ﷺ

https://www.sunnah.global/hadeeth/ur/show/3594

لجنة الدعوة الإلكترونية
EDC E-Da'wah Committee
النجاة الخيرية
ALNAJAT CHARITY